اشتہار نیلام عام

بعدالت جناب عدنان مشتاق صاحب جج بنکنگ کورٹ نمبر 2 بہاولپور

بسلسلہ درخواست اجراء نمبر 152/2019

زرعی ترقیاتی بنک لیمیٹڈ
برانچ مروٹ تحصیل فورٹ عباس ڈسٹرکٹ بہاولنگر

بنام

ندیم احمد

ہرگاہ عوام الناس کی اطلاع کے لئے بذریعہ نوٹس ہذا اعلان کیا جاتا ہے کہ دعویٰ بعنوان **زرعی ترقیاتی بنک لیمیٹڈ بنام ندیم احمد ولد میاں اللہ یار** قوم ممنو کا سکنہ چک نمبر 310-HR تحصیل فورٹ عباس ضلع بہاولنگر کا فیصلہ بحکم عدالت ہذا 14-07-2021 میں ہوا تھا،
اب درخواست اجراء 21 رول 64 ضابطہ دیوانی دعویٰ مذکور کا زرڈگری مبلغ -/1094188 روپے جائیداد بتفصیل ذیل کو بذریعہ نیلام فروخت کرنے کا حکم صادر فرمایا ہے

تفصیل جائیداد معہ حقوق و کفالت اور تشخیص مالیہ

رہن شدہ زرعی اراضی تعدادی 261 کنال 12 مرلے اندریں کھاتہ
کھاتہ نمبر 9 کھتونی نمبر 44-45 اراضی تعدادی 261 کنال 12 مرلے شئیر (3478/5232) 173 کنال 18 مرلے
واقع چک نمبر 310/HR تحصیل فورٹ عباس ضلع بہاولنگر

پروگرام نیلام

اگر التواء کا کوئی حکم موجود نہ ہوا تو **الحاج گامن خان** ایڈووکیٹ/کورٹ آکشنر عدالت ہذا جائیداد متذکرہ بالا کا نیلام عام حسب ضابطہ مشتہری کے ساتھ **مورخہ 12-12-2024 بروز جمعرات** **12:00 بجے دن** شروع کر کے منعقد کریں گے تاہم اگر بولی ختم ہونے سے قبل مفصلہ بالا زرڈگری اور خرچہ نیلام ادا کر دیا جائے تو نیلام موقوف ہو جائے گا۔ خواہشمند عوام الناس کو دعوت دی جاتی ہے کہ وہ ذاتی طور پر یا اپنے بااختیار نمائندے کے ذریعے نیلام میں حصہ لیں تاہم مدیونان یا ان کی جانب سے کوئی بھی شخص بلا پیشگی اجازت عدالت ہذا بولی نہیں دے سکتا اور نہ ہی اس طرح اُن کو کی گئی فروخت مستند تصور ہوگی۔

مزید شرائط نیلام

(1) نیلام مدیون/مدیونان کی جائیداد کا ہوگا جس کی نسبت ان کے حقوق و کفایت جہاں تک عدالت کو دریافت ہو سکے بیان کئے گئے ہیں لیکن اشتہار ہذا میں کسی غلطی، خلاف بیانی یا فروگذاشت کی عدالت ذمہ دار نہ ہوگی۔ (2) مبلغ -/20,000 روپے زرضمانت معہ نقل شناختی کارڈ نیلام کنندہ کے پاس جمع کرا کر بولی میں حصہ لیا جاسکے گا جو ناکام بولی دہندگان کو بعد اختتام نیلام قابل واپسی ہونگے۔ جبکہ کامیاب خریدار یہ رقم زرنیلام کی ادائیگی میں محسوب کر سکے گا (3) نیلام جیسا ہے جہاں ہے کی بنیاد پر ہوگا (4) جائیداد متذکرہ بالا کی ریزرو پرائس مبلغ -/9,00,000 مقرر کی گئی ہے (5) بولی بڑھانے والے کی رقم کا فیصلہ نیلام کنندہ کرے گا (6) بولی کی رقم یا بولی دہندہ کی نسبت کوئی تنازعہ پیدا ہوا تو جائیداد کو فوری طور پر پھر سے نیلام کیا جائے گا۔ (7) سب سے زیادہ بولی دہندہ کو کامیاب خریدار قرار دیا جائے گا بشرطیکہ کہ وہ قانوناً جائیداد زرنیلام خریدنے کا مجاز ہو نیز عدالت یا نیلام کنندہ آفیسر کی صوابدید ہوگی کہ اگر وہ تصور کریں کہ بولی واضح طور پر کم ہے اور جائیداد کا اس بولی پر فروخت کرنا مناسب نہ ہے تو وہ بولی کو نامنظور کر دیں۔ (8) یہ عدالت کی صوابدید ہے کہ وہ نیلام کو کسی دیگر مخصوص دن/وقت تک ملتوی کر دے نیز نیلام کنندہ آفیسر بھی وجوہات تحریر میں لا کر نیلام ملتوی کر سکتا ہے جس کے لیے اس پر احکامات آرڈر XXI رول 69 ضابطہ دیوانی کی پابندی ضروری ہے۔ (9) منقولہ جائیداد کا کامیاب خریدار نیلام ختم ہونے پر فوری طور پر یا جس وقت اس کو نیلام کنندہ آفیسر ہدایت کرے سالم زرنیلام جبکہ غیر منقولہ جائیداد کا کامیاب خریدار کل زرنیلام کا 25 فیصد حصہ نیلام ختم ہونے پر اسی وقت آفیسر نیلام کنندہ کو ادا کرے گا۔ عدم ادائیگی کی صورت میں جائیداد فوری طور پر دوبارہ نیلام کی جائے گی۔ (10) غیر منقولہ جائیداد کا کامیاب خریدار زرنیلام کا بقیہ 75 فیصد حصہ نیلامی کے روز سے پندرھویں دن تک عدالت برخاست ہونے سے قبل عدالت میں جمع کرائے گا۔ تاہم اگر اس دن کوئی تعطیل ہو تو وہ یہ رقم عدالت دوبارہ کھلنے کے پہلے دن جمع کرا سکتا ہے۔ لیکن عدم ادائیگی کی صورت میں اشتہار کے از سرِ نو اجراء کے ذریعہ جائیداد نیلام کی جائے گی اور عدالت مناسب تصور کرے گی تو قاصر کامیاب خریدار کی جمع کردہ رقم بعد منہائی اخراجات دوبارہ نیلام بحق سرکار ضبط کر لے گی اور قاصر کامیاب خریدار کا جائیداد یا اس نیلام ثانی سے حاصل شدہ رقم یا اس کے جزو پر کوئی حق نہ ہوگا۔ (11) قبضہ جائیداد عدالت کے سیل سرٹیفکیٹ جاری کرنے پر حاصل کیا جاسکے گا جس کے ہر قسم کے اخراجات اور جائیداد سے متعلق جملہ بقایا واجبات سرکار بذمہ خریدار ہوں گے۔ آئندہ تاریخ پیشی 07-08-2024 مقرر ہے

المشتہر الحاج گامن خان ایڈووکیٹ ہائی کورٹ/کورٹ آکشنر

چیمبر نمبر 123-A نزد گول مسجد
ڈسٹرکٹ کورٹس بہاولپور
0300-6820527

اشتہارات پینا فلیکس کیلئے ڈیزائنر پرنٹنگ سروس پرنٹ مارکیٹ زنانہ ہسپتال روڈ بہاولپور 0301-77 56 0 56

CamScanner